**18.03.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... آسیہ میمونہ

**Music**

-----------------------------------

☆ راجیہ سبھا نے 9 خاتون ارکان سمیت 20 ریاستوں کے 59 ارکان کو الوداع کہا۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے جمہوریت کے تئیں اُن کی دیرپا خدمات کو سراہا۔

☆ لوک سبھا نے 'ایک ملک ایک انتخاب' سے متعلق مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کی میعاد میں توسیع کردی ہے۔

☆ حکومت نے ایئرلائنس کیلئے مسافروں سے متعلق نئے ضابطے جاری کئے ہیں۔ اُس نے سلیکشن کیلئے کم سے کم 60 فیصد سیٹیں مختص کرنے اور فیملی Seating کو ترجیح دینے کی ہدایت دی ہے۔

☆ لبنان کی راجدھانی بیروت پر اسرائیلی حملے میں چھ افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ مغربی ایشیا کے خطے میں کشیدگی میں مزید اضافہ ہوگیا ہے ۔

☆ اور بیڈمنٹن میں Akarshi کشیپ، کدامبی سری کانت، آیوش شیٹی اور مالویکا بنسوڑ آج Orleans ماسٹرس میں اپنی اپنی سنگلز مہم کا آغاز کریں گے۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**RS-FAREWELL**

راجیہ سبھا نے 9 خاتون ارکان سمیت 20 ریاستوں کے 59 ارکان کو آج الوداع کہا۔ اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، نائب صدرِ جمہوریہ اور راجیہ سبھا کے صدر نشیں سی پی رادھا کرشنن نے کہا کہ ریٹائرمنٹ کو نئے کردار اور ذمہ داریوں کے آغاز کے طور پر دیکھا جانا چاہیئے ۔ الوداعی تقریب کے دوران، وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا کہ پارلیمانی جمہوریت

کے تئیں اُن کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سیاست میں کبھی بھی **Fullstop** نہیں ہوتا، کیونکہ اُن کے تجربات اور ملک کیلئے اُن کی خدمات ہمیشہ قابلِ قدر رہیں گی۔

**SB - 1200 - PM Modi - Farewell**

انہوں نے کہا کہ ریٹائر ہونے والے ارکان نے ایوان کو بہت کچھ دیا ہے۔ نائب صدرنشیں ہری ونش کا ذکر کرتے ہوئے، جو ریٹائر ہورہے ہیں، جناب مودی نے کہا کہ انہیں اِس ایوان میں طویل عرصے تک اپنی ذمہ داریاں نبھانے کا موقع ملا ہے۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ جناب ہری ونش نے ایوان کی کارروائی چلاتے وقت ہر ایک کا اعتماد حاصل کرنے کی ہمیشہ کوشش کی ہے۔

## LS-ONE NATION ONE ELECTION

لوک سبھا نے 'ایک ملک ایک انتخاب' سے متعلق قانون کا جائزہ لینے والی مشترکہ پالیسی کمیٹی کی مدت میں مانسون اجلاس **2026** کے آخری ہفتے کے پہلے دن تک کیلئے توسیع کی ہے۔ اس بل کا مقصد لوک سبھا اور ریاستی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات بیک وقت کرانا ہے۔ اس توسیع کی تجویز کمیٹی کے چیئرمین پی پی چودھری کی طرف سے پیش کی گئی، جسے ایوان میں صوتی ووٹ سے منظور کرلیا گیا۔×

## LS-CONSUMER

صارفین کے تحفظ کی مرکزی اتھارٹی **CCPA** نے ای- کامرس سیکٹر میں صارفین کے حقوق کی خلاف ورزی اور نامناسب تجارتی طور طریقے اپنانے کی پاداش میں کئی کمپنیوں کے خلاف کارروائی کی ہے۔ آج لوک سبھا میں ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے، صارفین کے امور کے وزیر پرہلاد جوشی نے کہا کہ اس طرح کے ای- کامرس پلیٹ فارمس کو **2020** سے اب تک ناپ تول کے قانونی محکمے نے **997** نوٹس جاری کئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ **CCPA** کی جانب سے کی گئی کارروائی کے بعد کئی ای- کامرس کمپنیوں نے شکایات کے نپٹارے سے متعلق اپنے طریقۂ کار کو مستحکم کیا ہے۔ وزیرِ موصوف نے بتایا کہ اب تک ایک ہزار **440** کروڑ روپے متاثرہ صارفین کو واپس دیئے جاچکے ہیں، جو حالیہ برسوں میں صارفین کے امور کے محکمے کی بڑی حصولیابیوں میں سے ایک ہے۔**x**

## MOCA DIRECTIONS DGCA

شہری ہوا بازی کی وزارت نے ایئرلائنس میں مسافروں کی سہولت، شفافیت اور طور طریقوں میں یکسانیت کو مستحکم کرنے کیلئے ہدایات جاری کی ہیں۔ ان میں منصفانہ رسائی کو یقینی بنانے کیلئے کسی بھی پرواز میں کم سے کم **60** فیصد مفت سیٹیں مختص کرنے کی ہدایت شامل ہے، اور یہ کہ ایک ہی **PNR** پر سفر کرنے والے مسافروں کو ایک ساتھ بیٹھنے کی سہولت فراہم کی

جائے۔ وزارت نے کہا ہے کہ کھیلوں سے متعلق سامان اور موسیقی کے آلات کو لے جانے میں شفافیت اور سازگار رویہ اپنایا جانا چاہئے، نیز پالتو جانوروں کے سفر سے متعلق واضح پالیسی وضع کی جائے۔×

## INDORE FIRE INCIDENT

مدھیہ پردیش کے اندور شہر میں آج آگ لگنے کے ایک واقعے میں سات افراد کی جانیں تلف ہوگئیں۔ یہ واقعہ بنگالی اسکوائر کے نزدیک پیش آیا، جہاں آج صبح سویرے تقریباً چار بجے ایک تین منزلہ مکان میں زبردست آگ لگ گئی۔ ابتدائی خبروں کے مطابق ایک الیکٹرک کار میں شارٹ سرکٹ کے بعد آگ لگی، جس کے بعد دھاکہ ہوا۔ اس کار کو گھر کے باہر چارج کیا جارہا تھا، جب گھر میں آگ پھیلی تو وہاں رکھے ہوئے چار LPG سلنڈروں میں یکے بعد دیگرے دھاکہ ہوا، جس کی وجہ سے عمارت کا ایک حصہ منہدم ہوگیا۔ اس حادثے میں کنبے کے سات افراد کی جان چلی گئی اور دیگر تین شدید طور سے زخمی ہوگئے۔

## DELHI FIRE

قومی راجدھانی کے پالم علاقے میں آج ایک کثیر منزلہ عمارت میں آگ لگ گئی۔ دلّی فائر سروس نے اس حادثے میں 7 لوگوں کی موت ہونے کی اطلاع دی ہے۔ محکمے نے بتایا کہ صبح 7 بجے کال موصول ہونے کے بعد آگ بجھانے والی 31 گاڑیاں جائے حادثہ پہنچ گئیں۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔ اس دوران دلّی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا نے بتایا کہ ضلع انتظامیہ، دلّی فائر سروس محکمہ اور دلّی پولیس بچاؤ کارروائیوں کی قیادت کررہے ہیں اور اس حادثے کی جانچ کا حکم دے دیا گیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعلیٰ نے سبھی کی حفاظت کیلئے دعا کی۔×

## ALMM-SOLAR

حکومت نے گھریلو شمسی مینوفیکچرنگ کو مستحکم بنانے کی غرض سے سولر انگوٹس اور ویفرز کا احاطہ کرنے کیلئے ماڈلز اور مینوفیکچررز ALMM فریم ورک کی منظور شدہ فہرست میں توسیع کی ہے۔ نئی اور قابل تجدید توانائی کی وزارت نے انگوٹس اور ویفرز کے لیے ALMM کی تیسری فہرست جاری کی ہے، جو یکم جون 2028 سے نافذ العمل ہوگی۔ وزارت نے بتایا کہ اس تاریخ سے Net-Metering اور Open Access پروجیکٹوں سمیت تمام شمسی پروجیکٹوں کیلئے یہ ضروری ہوگا کہ وہ ALMM میں درج ویفر کا استعمال کریں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں نئی اور قابل تجدید توانائی کے وزیر پرہلاد جوشی نے کہا کہ اس سے گھریلو پیداوار کو فروغ حاصل ہوگا، سپلائی چین کی لچک میں اضافہ ہوگا، درآمدات پر انحصار کم ہوگا اور شمسی ویلیو چین میں اعلیٰ معیار کو یقینی بنایا جاسکے گا۔x

## ISRAEL STRIKES LEBANON

لبنان کی صحت کی وزارت کے مطابق آج صبح سویرے وسطی بیروت پر کئے گئے دو اسرائیلی حملوں میں کم سے کم چھ افراد ہلاک اور 24 دیگر زخمی ہوگئے۔ حکام نے بتایا کہ ملبے سے لاشیں نکال لی گئی ہیں اور DNA ٹسٹنگ کے ذریعے اُن کی شناخت کی جارہی ہے۔ یہ حملہ گنجان آبادی والے علاقے میں پیشگی وارننگ کے بغیر کیا گیا۔ x

## DUBAI DEFENCE SYSTEM

متحدہ عرب امارات کی وزارت دفاع نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ آج علی الصبح قومی فضائی دفاعی نظام نے ایک ایرانی میزائل اور ڈرون کو فضا میں ہی روک کر تباہ کردیا۔ دبئی میں ایرانی میزائل کو روک کر تباہ کرنے سے بڑے پیمانے پر دھاکوں کی آوازیں سنی گئیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C Vinod Kumar

*Al-Minhad ایئر بیس، جو دبئی کے جنوب میں تقریباً 24 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے اور رائل ایئر فورس اور Allied Forces سمیت UAE فضائیہ جس کا طویل عرصے سے استعمال کررہی ہے، آج صبح اس پر حملہ کیا گیا۔ ایک ایرانی Projectile جو یا تو میزائل یا ڈرون تھا، مقامی وقت کے مطابق علی الصبح بیس کے باہر سڑک پر آ کر گرا۔ اس دھماکے سے آگ کی لپٹیں اُٹھیں، جس سے قریب ہی واقع ایک رہائشی بلاک اور آسٹریلیائی آپریٹیڈ سیکشن میں واقع ایک میڈیکل Facility کو معمولی نقصان پہنچا۔ UAE کی دفاعی افواج فعال طور پر کام کررہی ہے۔ جب سے جنگ شروع ہوئی ہے، یہ UAE کے بیس پر دوسرا ایرانی حملہ تھا۔ اس سے پہلے، جنگ شروع ہونے والے دن ایک ڈرون حملہ ہوا تھا۔*

*دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کیساتھ اردو خبروں کیلیئے میں۔*

## US-DHS POSTERS

داخلی سلامتی کے امریکی محکمے نے ایک پوسٹر جاری کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر رہ رہے تارکین وطن کو 2600 امریکی ڈالر کے Exit bonus سمیت ان کے وطن واپس بھیجنے کیلیئے مفت پرواز کی پیشکش کی ہے۔ داخل سلامتی کے محکمے نے تاج محل کی ایک تصویر اور کولمبیا اور چین کے نمایاں نشانات کا استعمال کیا، تاکہ امریکہ میں مقیم غیر قانونی تارکین وطن کو ہدف بناکر اپنی مرضی سے ملک چھوڑنے کے اس اقدام کو فروغ دیا جاسکے۔ پروجیکٹ ‘Home Coming’ یعنی گھر واپسی کے نام سے اس اقدام کا آغاز گزشتہ سال مئی میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بطور صدر دوسری مدت سنبھالنے کے بعد کیا گیا تھا۔

DHS نے تارکین وطن کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اس عمل کے آغاز کیلئے کسٹمز اور بارڈر پروٹیکشن ایپ کا استعمال کریں، جس سے وہ رضاکارانہ طور پر ملک چھوڑنے کے اپنے ارادے کو رجسٹر کرسکتے ہیں، اپنی تفصیلات جمع کرائیں اور سفری امداد اور پروگرام کے تحت پیش کردہ مالی مراعات کے بارے میں معلومات تک رسائی حاصل کرسکتی ہیں۔ DHS کے مطابق جنوری 2025 میں اسکیم کے آغاز کے بعد سے اب تک 2.2 ملین سے زیادہ غیر قانونی تارکین وطن، اس سے فائدہ اٹھاچکے ہیں۔x

## BADMINTON ORLEANS MASTERS

Orleans ماسٹرس بیڈمنٹن میں Akarshi کشیپ، کدامبی سری کانت، آیوش شیٹی اور مالویکا بنسوڑ آج Orleans ماسٹرس میں اپنی اپنی سنگلز مہم کا آغاز کریں گے۔ بھارت کی آکارشی کشیپ کا مقابلہ آج سہ پہر فرانس کے Palais des Sports میں پہلے راؤنڈ میں دولت مشترکہ کھیلوں میں کانسے کا تمغہ جیتنے والی سنگاپور کی Yeo Jia Min سے ہوگا۔x

## JAISWAL-IRELAND NATIONAL DAY

سکریٹری (مغرب) Sibi George نے آج آئرلینڈ کے قومی دن کے موقع پر بھارت کی نمائندگی کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ جناب جورج نے بھارت اور آئرلینڈ کی دیرینہ شراکت داری اور باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔x

## ASSAM CONGRESS MP

آسام میں کانگریس کے سینئر رہنما اور لوک سبھا کے ایم پی Pradyut Bordoloi نے پارٹی سے استعفیٰ دے دیا ہے۔ کانگریس صدر ملک ارجن کھڑگے کو لکھے گئے ایک مراسلے میں جناب Bordoloi نے پارٹی کے تمام عہدوں، مراعات اور اپنی پرائمری رکنیت سے سبکدوش ہونے کے اپنے فیصلے کا اعلان کیا ہے۔ جناب Bordoloi ناگاؤں لوک سبھا حلقے کی نمائندگی کرتے ہیں۔x

## J&K EID & CHAITRA NAVRATRI

جموں وکشمیر میں، عیدالفطر کیلئے تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں۔ اس کے ساتھ ہی کل سے نو روزہ طویل Chaitra Navratri Festival بھی شروع ہورہا ہے۔ بازاروں میں خریداروں کی بھاری بھیڑ دیکھی جارہی ہے۔ تہواروں کے پیش نظر اہم مذہبی مقامات پر سکیورٹی کے سخت انتظامات کئے جارہے ہیں۔ الگ الگ مقامات پر چیکنگ پوائنٹ بنائے گئے ہیں، وہیں دن رات سکیورٹی عملہ گشت کررہا ہے، تاکہ ریاست میں محفوظ اور پرامن طور پر تہواروں کے جشن کو یقینی بنایا جاسکے۔x

**LADAKH SNOWFALL**

مرکز کے زیر انتظام علاقے لداخ میں برفباری اور ابر آلود موسم کی وجہ سے خطے میں عام زندگی، نقل وحمل اور سیاحتی سرگرمیاں بری طرح متاثر ہوئی ہیں۔ موسمیات کے مقامی ادارے کے مطابق لیہہ، کرگل اور گرد نواح کے پہاڑی علاقوں سمیت لداخ کے کئی علاقوں میں پچھلے 24 سے 48 گھنٹے کے دوران برفباری ہوئی۔ موسم ابر آلود رہنے کی وجہ سے درجہ حرارت میں قابل ذکر کمی درج کی گئی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆